**Ascension Wisconsin**

Ascension SE Wisconsin Hospital – St Joseph Campus, Ascension SE Wisconsin Hospital – Elmbrook Campus, Ascension SE Wisconsin Hospital – Wauwatosa/Brown Deer Campus, Ascension All Saints Hospital, Ascension SE Wisconsin Hospital – Franklin Campus, Ascension St. Francis Hospital and Midwest Orthopedic Specialty Hospital, LLC, Ascension Wisconsin Surgery Center-Mount Pleasant, Columbia St. Mary's Hospital Milwaukee St. Mary's Hospital Ozaukee, and Sacred Heart Rehabilitation Institute, Ascension Wisconsin Hospital Greenfield Campus (Emerus joint venture), Ascension Wisconsin Hospital Menomonee Falls Campus (Emerus joint venture), Women's Outpatient Center, ASWI- AMG-WI Avenue Family Practice, Ascension Calumet Hospital, Ascension NE Wisconsin Mercy Hospital, Ascension NE Wisconsin St. Elizabeth Hospital اور متعلقہ Ascension Medical Group کے فراہم کنندگان۔

## مالی معاونت کی پالیسی کا خلاصہ

Ascension Wisconsin، بشمول اوپر دی گئی صحت کی وزارتیں، ہر فرد کے وقار کے لیے پُرعزم ہیں اور ان کا احترام کرتی ہیں، اور ان لوگوں کے لیے خصوصاً فکرمند رہتی ہیں جنہیں صحت کی خدمات تک رسائی میں رکاوٹوں کا سامنا ہوتا ہے۔ Ascension Wisconsin اپنی صحت کی نگہداشت کے وسائل کو پوری کمیونٹی کی خدمت کے طور پر منظم کرنے کے لیے یکساں عزم رکھتا ہے۔ ان اصولوں کے تحت، Ascension Wisconsin ان مخصوص افراد کے لیے مالی معاونت فراہم کرتا ہے جنہیں Ascension Wisconsin کی جانب سے ہنگامی یا دیگر طبی طور پر ضروری نگہداشت موصول ہوتی ہے۔ یہ خلاصہ Ascension Wisconsin کی مالی معاونت کی پالیسی کا مختصر جائزہ فراہم کرتا ہے۔

### کون اہل ہے؟

اگر آپ وسکونسن کے کسی بھی کاؤنٹی میں رہتے ہیں جہاں Ascension WI کی سہولت یا کلینک موجود ہے تو آپ مالی مدد حاصل کر سکتے ہیں، ان کاؤنٹیز میں آؤٹے گمی، ویناییگو، کیلیومیٹ، میراتھن، پورٹیج، لنکن، اونیڈا، ویلاس، کلارک، ملواکی، واکشا، اوزاکی، واشنگٹن، ریسین، کینوشا اور جیفرسن کاؤنٹیز بلاتحدید شامل ہیں۔ مالی معاونت کا تعین عام طور پر آپ کی کل گھریلو آمدنی کا وفاقی سطح غربت (Federal Poverty Level) کے ساتھ تقابل کر کے کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کی آمدنی وفاقی خط افلاس سے کم یا اس کے 250% کے مساوی ہے تو آپ اخراجات کے اس حصہ پر 100% خیراتی علاج کی چھوٹ حاصل کریں گے جس کے لیے آپ ذمہ دار ہیں۔ اگر آپ کی آمدنی وفاقی سطح غربت کے 250% سے زیادہ ہے لیکن وفاقی سطح غربت کے 400% سے متجاوز نہیں ہے تو آپ تدریجی پیمانہ پر رعایتی نرخ وصول کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری نگہداشت کے لئے طبی کردہ آپ کی آمدنی سے زیادہ ہو تو آپ رعایت کے لئے اہل ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ کے اثاثے وفاقی سطح غربت کے مطابق مقررہ آمدنی کی حد کے 250% فیصد سے زیادہ ہوں تو ممکن ہے کہ آپ مالی امداد کے لیے اہل نہ ہوں۔ جو مریض مالی معاونت کے اہل ہیں، ان سے اہل نگہداشت کے لیے اس رقم سے زیادہ وصول نہیں کی جائے گی جو عام طور پر انشورنس کوریج کے حامل مریضوں پر عائد کی جاتی ہے۔

### کون سی خدمات کا احاطہ کیا جاتا ہے؟

مالی معاونت کی پالیسی کا اطلاق ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری دیگر علاج پر ہوتا ہے۔ ان شرائط کی وضاحت مالی معاونت کی پالیسی میں کی گئی ہے۔ مالی معاونت کی پالیسی میں دیگر تمام نگہداشتوں کا احاطہ نہیں کیا گیا ہے۔

### میں کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

مالی معاونت کی درخواست دینے کے لیے، آپ تحریری درخواست مکمل کریں گے اور معاون دستاویزات فراہم کریں گے، جیسا کہ مالی معاونت کی پالیسی اور مالی معاونت کی پالیسی کی درخواست میں بیان کیا گیا ہے۔ تحریری درخواست مکمل کریں اور اپنے پہلے بیان کے 240 دن کے اندر تمام ضروری معاون دستاویزات فراہم کریں۔ آپ کی درخواست کا مالی معاونت کے پروگرام، نیز کسی بھی اہل فریق ثالث کے ادائیگی شدہ یا امدادی پروگراموں میں اہلیت کے لیے جائزہ لیا جائے گا۔ جب ہمیں آپ کی درخواست اور معاون دستاویزات موصول ہو جائیں گی، تو ہم آپ کو تحریری طور پر مطلع کریں گے کہ آیا آپ پروگرام کے لیے اہل ہیں یا نہیں۔

**میں درخواست کے حوالے سے کیسے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

پالیسی برائے مالی معاونت کی درخواست میں مدد کے لیے، آپ کسی بھی Ascension WI فیسلیٹی میں مالی ایڈووکیٹ سے اپائنٹمنٹ کی درخواست کر سکتے ہیں، یا 877-304-6332 پر مالی ایڈووکیٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟**

پالیسی برائے مالی معاونت اور پالیسی برائے مالی معاونت کے درخواست فارم کی نقول *https://healthcare.ascension.org/Financial-Assistance/Wisconsin* پر اور کسی بھی Ascension WI فیسیلٹی کے دفتر میں معلومات، رجسٹریشن اور ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹس میں دستیاب ہیں۔ پالیسی برائے مالی معاونت اور پالیسی برائے مالی معاونت کے درخواست فارم کی مفت کاپیاں ڈاک کے ذریعے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں، جس کے لیے Financial Advocate, Ascension Wisconsin, PO Box 860496 Minneapolis, MN 55486-0496 پر درخواست بھیجنا ہو گی۔ پالیسی برائے مالی معاونت کے بارے میں مزید معلومات ٹیلی فون نمبر 877-304-6332 پر بھی دستیاب ہیں

**اگر میں اہل نہیں ہوں تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ مالی معاونت کی پالیسی کے تحت مالی معاونت کے اہل نہیں ہیں تو ہوسکتا ہے آپ دیگر اقسام کی معاونت کے اہل قرار پائیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم کسی بھی Ascension WI فیسلیٹی میں کسی مالی ایڈووکیٹ سے رابطہ کریں، یا 877-304-6332 پر فون کریں۔

**پالیسی برائے مالی معاونت، پالیسی برائے مالی معاونت کی درخواست اور ہدایات، نیز اس سادہ زبان میں خلاصے کے ترجمے مندرجہ ذیل زبانوں میں درخواست پر ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:**

ہسپانوی، ہمونگ، روسی، عربی

اپ ڈیٹ کردہ 7/01/2023